NYC Commission on Human Rights

9/22/2023

نیویارک شہر کے انسانی حقوق کا قانون:
آجر کی حیثیت سے کاروباری اداروں کی ذمہ داریاں

نیویارک سٹی کمیشن برائے انسانی حقوقNYC کے کاروباری اداروں کو جامع آجر بننے اور NYC کے انسانی حقوق کے قانون (”NYCHRL“)کی پاسداری میں مدد کرنے کا ذریعہ ہے۔ **اس دستاویز میں NYCHRL کے تحت آجروں پر عائد ہونے والی ذمہ داریوں کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے، جو بہت سے معاملات میں ریاستی اور وفاقی قوانین سے زیادہ وسیع ہے۔**

آجروں کو کیا معلوم ہونا چاہیے: NYCHRL امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے

- ملازمین، انٹرنز، ملازمت کے متلاشیوں، اور خود مختار ٹھیکیداروں کے خلاف عمر؛ گرفتاری یا سزا کے ریکارڈ؛ نگہداشت دان کی حیثیت؛ رنگ؛ کریڈٹ ہسٹری؛ معذوری صنف؛ صنفی شناخت؛ امیگریشن کی حیثیت؛ ازدواجی یا شراکت داری کی حیثیت؛ فوجی خدمات؛ قومی ماخذ؛ حمل; نسل؛ مذہب/عقیدہ؛ سابقہ تنخواہ؛ جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلے؛ جنسی رجحان؛ گھریلو تشدد یا جنسی تشدد سے متاثر ہونے یا تعاقب کیے جانے کی حیثیت؛ بے روزگاری کی حیثیت؛ وزن اور اونچائی کی بنیاد پر(22 نومبر 2023 سے) امتیازی سلوک غیر قانونی ہے۔
- NYCHRL کی زیادہ تر دفعات کام کے ایسے مقامات پر عائد ہوتی ہیں جہاں چار یا زیادہ ملازمین یا ایک یا زیادہ گھریلو ملازم ہوں۔ کام کے تمام مقامات کو جنسی ہراسانی سے پاک ہونا چاہیے۔
- وہ ملازمین جو کل وقتی، جز وقتی، نیز انٹرن (با معاوضہ یا بلا معاوضہ) ہیں، محفوظ ہیں۔

*NYCHRL کے تحت آجر کی ذمہ داریاں:

ملازمین کو ان کے حقوق اور تحفظات بشمول ملازمت پر رکھنے، ملازمت کے دوران، اور برطرفی کے دوران کسی حقیقی یا سمجھے گئے محفوظ زمرے کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے آزاد ہونے کے حق اور انتقامی کارروائی سے آزاد ہونے کے حق کے بارے میں آگاہی دیں۔

- جنسی ہراسگی سے تحفظات کی تحریری تفصیل فراہم کریں اور کام کی جگہ پر انگریزی اور ہسپانوی میں قانونی نوٹس ارسال کریں (تمام آجروں کے لیے ضروری ہے) اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملازمین جنسی ہراسانی سے متعلق سالانہ تربیت حاصل کریں (15 یا اس سے زیادہ ملازمین والے تمام آجروں کے لیے ضروری ہے)۔
- حاملہ رہائش کا نوٹس پوسٹ کریں(4 یا اس سے زیادہ ملازمین یا ایک یا ایک سے زائد گھریلو ملازم والے تمام آجروں کے لیے ضروری ہے)۔
- **دودھ پلانے** کی پالیسی **اور دودھ پلانے کے لیے مناسب جگہ** رکھیں۔ ملازمین کو دودھ پلانے کے لیے ایک نجی جگہ کا حق ہے جو صاف، قابل رسائی اور پانی کی سہولت پر مشتمل ہو۔
- **کمیشن کا نوٹس آف رائٹس** پوسٹ کرنا ایک بہترین طریقہ ہے۔

ملازمت کے اشتہارات میں **تنخواہ کی حد** شامل کریں۔ آجروں کو کوئی آسامی مشتہر کرتے ہوئے وہ کم از کم اور زیادہ سے زیادہ تنخواہ بتانی چاہیے جس کے متعلق انہیں یقین ہے کہ وہ ادا کریں گے۔

بھرتی کے لیے ایک جامع کثیر النوع نقطہ نظر اپنائیں

- درخواست کے عمل کے دوران کسی بھی مرحلے پر گذشتہ تنخواہ **یا** کریڈٹ ہسٹری **کے متعلق نہ پوچھیں (کسی بھی وقت ایسے سوالات کیے جانے کی ممانعت ہے)۔**

- [مجرمانہ پس منظر](#) کے متعلق تحقیق نہ کریں(زیادہ تر ملازمتوں کے لیے مشروط پیشکش سے قبل یہ سوالات منع ہیں) یاNYCHR میں دیے گئے طریقہ پر عمل کیے بغیر ماضی میں ہونے والی سزا پر کسی وقت کوئی سخت قدم نہ اٹھائیں۔

ملازمین کو معقول رہائش فراہم کریں۔ اس میں اسوقت تک کام کے نظام الاوقات میں تبدیلی یا فرائض یا جسمانی تبدیلیاں یا کسی فرد کو ضروری کام انجام دینے کے قابل معاون بنانے والا سافٹ ویئر شامل ہو سکتا ہے جب تک اس سے کاروبار کے لیے غیر ضروری مشکلات نہ پیدا ہوں۔

- مندرجہ ذیل تحفظ شدہ طبقات کے لیے معقول رہائش گاہوں کی ضرورت ہے:
  - معذوری، حمل، زچگی یا متعلقہ طبی حالت؛ مذہب کی پاسداری، گھریلو تشدد، جنسی تشدد یا تعاقب کیے جانے والے متاثرہ فرد کی حیثیت میں؛ اور دودھ پلائی

نفاذ:

- NYCHRL کے تحت ذمہ داریوں کے حامل آجروں کو قانون اور کمیشن برائے انسانی حقوق کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنی چاہیے۔ کمیشن اپنی مرضی سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تحقیقات شروع کر سکتا ہے کہ آجر قانون کی تعمیل کر رہے ہیں۔ آجروں کو کمیشن کی خط و کتابت اور مشاورتی خطوط کے جواں دینے چاہیئں۔
- انسانی حقوق کے قانون کی خلاف ورزی کرنے والے آجروں کو دانستہ خلاف ورزی کی صورت میں $250,000 تک کے دیوانی جرمانے کے ساتھ جوابدہ ٹھہرایا جا سکتا ہے۔ کمیشن جذباتی تکلیف کے نقصانات اور متاثرہ فرد کے لیے دیگر تلافیوں کا تعین بھی کر سکتا ہے، کمیشن خلاف ورزی کے مرتکب کو تربیت لینے کا کہہ سکتا ہے اور دیگر تلافیوں مثلاً کمیونٹی سروس کا حکم دے سکتا ہے۔

NYC کمیشن برائے انسانی حقوق سے کیسے رابطہ کریں:

- بذریعہ فون:(212) 416-0197
- آن لائن: کوئی بھی امتیازی سلوک کی اطلاع دے سکتا ہے، ایک گمنام ٹپ دے سکتا ہے، اپنے انسانی حقوق کے قانون کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں مزید جان سکتا ہے، یا NYC.gov/HumanRights پر مفت ورکشاپ کے لیے سائن اپ کر سکتا ہے۔

شہر کے انسانی حقوق کے قانون پر قانونی نوٹس، فیکٹ شیٹس، اور اکثر پوچھے گئے سوالات کمیشن کی ویب سائٹ پر متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں: *https://www1.nyc.gov/site/cchr/media/publications.page

ریاستی اور وفاقی قوانین کام کے مقام پر امتیازی سلوک پر پابندی عائد کرتے ہیں۔